روزنامہ

الفضل

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 28/اگست 2008ء 25 شعبان 1429ہجری 28 ظہور 1387ہش جلد 58-93 نمبر 197

جنت کی بشارت پانے والے

حضرت ابوموسیٰ اشعریؓ بیان کرتے ہیں کہ میں رسول کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ کے ایک باغ میں تھا وہاں باری باری ابوبکرؓ، عمرؓ اور عثمانؓ آئے ہر دفعہ جب دروازہ پر دستک ہوتی تو رسول اللہؐ مجھے فرماتے کہ جاؤ، دروازہ کھولو اور آنے والے کو جنت کی بشارت دو۔

(صحیح بخاری کتاب المناقب باب مناقب عمر حدیث نمبر 3417)

33 ویں جلسہ سالانہ جرمنی سے حضور انور کا اختتامی خطاب مورخہ 24/ اگست 2008ء

خلافت احمدیہ سچے وعدوں والے خدا سے تائید یافتہ ہے

ایجادات درحقیقت خدا کے وعدوں کے پورا کرنے کے عملی ثبوت ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 24/اگست 2008ء کو خلافت جوبلی کیا سال میں منعقد ہونے والے 33ویں جلسہ سالانہ جرمنی کے اختتامی اجلاس سے خطاب فرمایا۔ تلاوت ونظم کے بعد حضور انور نے تعلیمی میدان میں اعزاز پانے والوں میں میڈلز اور انعامات تقسیم فرمائے۔ جس کے بعد خدام واطفال اور انصار کی تقریب تقسیم علم انعامی ہوئی۔ حضور انور نے بہترین مجالس کو علم انعامی عطا فرمائے۔ ایم ٹی اے انٹرنیشنل نے مختلف زبانوں میں تراجم کے ساتھ حضور انور کا خطاب اور کارروائی براہ راست نشر کی۔

حضور انور نے فرمایا کہ حضرت مسیح موعود نے جو خبریں دی تھیں وہ سو سال سے پوری ہوتی چلی آ رہی ہیں اور آپ احمدی بھی اپنے اعمال، اخلاص و وفا سے اس تعلق میں بڑھ رہے ہیں۔ خدا کی تائید و نصرت اس بات پر گواہ ہے۔ یہ دور اشاعت دین اور دعوت الی اللہ کا دور ہے اور اشاعت کے لئے خداتعالیٰ نے نئی نئی ایجادات کی بھی توفیق انسانوں کو عطا کی۔ یہ پریس، ریل، ڈاک، سیٹلائٹ، انٹرنیٹ اور زبانوں کے اشتراک اور سیکھنے کے مواقع خداتعالیٰ نے صرف اس لئے پیدا کئے ہیں کہ اشاعت قرآن کے کام کو بہتر طور پر کیا جاسکے۔ یہ خدا کے وعدوں کے مطابق تائید ونصرت کے عملی ثبوت ہیں اور ہدایت وسچائی کے پیغام کو دنیا کے کونے کونے تک پہنچا دیا۔ ہر وہ جگہ جہاں پیغام نہیں پہنچا وہاں یہ پیغام پہنچانا آج احمدی کی ذمہ داری ہے۔ نظام خلافت کے ساتھ وابستہ رہتے ہوئے اس کام میں آگے سے آگے بڑھتے چلے جائیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ جماعت احمدیہ مختلف ممالک میں یہ کام کر رہی ہے۔ اللہ تعالیٰ کے فضل سے دنیا کے کئی ممالک میں کئی پریس کام کر رہے ہیں۔ انٹرنیٹ پر بھی کام ہو رہا ہے۔ اٹلی میں بھی ایک بہت اچھی ویب سائٹ تیار کی گئی ہے۔ پھر ایم ٹی اے کی نعمت ملی۔ یہ سب خدا کے وعدوں کے پورا کرنے کا عملی اظہار ہے۔ حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے تھے کہ یہ ہماری قوت سے نہیں ہے۔ ہم تو ریڈیو کا سوچ رہے تھے اور خدا نے ہمیں ٹیلی ویژن عطا فرما دیا۔

حضور انور نے فرمایا کہ ہم خوش قسمت ہیں کہ ہمیں حضرت مسیح موعود کو ماننے کی توفیق ملی۔ اب ہماری ذمہ داری ہے کہ اپنے آپ کو اس کا اہل ثابت کریں اور اس گروہ کے ساتھ وابستہ برکات کو حاصل کریں۔ آج ہم ایک لڑی میں پروئے ہونے کی وجہ سے متحد ہیں۔ اس لئے شکر گزاری کے جذبات کے ساتھ اس کام میں آگے بڑھیں۔

حضور انور نے فرمایا کہ خلافت دائمی ہے اور اس کے قیام کے مقاصد میں اشاعت دین سب سے بڑا کام ہے اور یہ سب کام خدا خود کر رہا ہے۔ خداتعالیٰ کی تائید ونصرت اس بات کی دلیل ہے کہ یہ بندوں کا انتخاب نہیں۔ بلکہ خداتعالیٰ بندوں کو ذریعہ بنا کر اپنی قدرت کو ظاہر کرتا ہے۔ آج جماعت کی ترقی اس بات کا منہ بولتا ثبوت ہے کہ خلافت احمدیہ سچے وعدوں والے خدا سے تائید یافتہ ہے۔ پس خلافت سے فیض پانے کے لئے اس راستہ کو اختیار کریں جو دین حق نے سکھایا ہے۔ جس کا مطلب یہ ہے کہ اپنی نجات اپنے وجود کی قربانی سے چاہنا نہ کسی اور طریق سے۔ اللہ کے دین کی حقیقت کامل فرمانبرداری اور نفس کی قربانی میں ہے۔

حضور انور نے فرمایا کہ خلافت کی برکات کے حصول کے لئے کامل اطاعت کا جوا اپنی گردن پر رکھیں اور اس خوبصورت امن دینے والی تعلیم کو دنیا میں پھیلاتے چلے جائیں۔ اگر ایسا کریں گے تو خدا کے وعدوں کو انفرادی طور پر بھی پورا ہوتے دیکھیں گے۔ اجتماعی طور پر تو مقدر ہو چکا ہے۔ کہ جماعت نے تمام دنیا پر غالب آنا ہے۔ کوئی بھی اس کام میں روک نہیں ڈال سکتا۔ کیونکہ یہ خداتعالیٰ کی تائید و نصرت کی ڈھال میں محفوظ ہے۔ اللہ نے ہر قسم پر جماعت کی تائید فرمائی ہے۔ دنیا کے اکثر ممالک اس نور سے حصہ لے رہے ہیں۔ دنیا کے جس کسی ملک میں بھی گیا ہوں وہاں کے احمدیوں کی آنکھوں میں اخلاص ووفا دیکھی۔ ان کو خلافت کا مکمل فہم وادراک ہے کہ یہ خدا تک لے جانے والی کڑی ہے۔ حضرت مسیح موعود سے خداتعالیٰ نے وعدہ فرمایا تھا کہ یہ سلسلہ بڑھے گا اور زمین پر محیط ہو جائے گا۔ یہی خدا کا منشاء ہے اور کوئی طاقت نہیں جو خدا کا مقابلہ کر سکے۔ اللہ تعالیٰ ہمیں استقامت دکھاتے ہوئے اس کام کو کرنے کی توفیق دیتا چلا جائے۔ اللہ تعالیٰ آپ کو ایمان ویقین میں بڑھاتا چلا جائے۔ حضرت مسیح موعود کی دعاؤں کا وارث بناتا چلا جائے۔ جو پاک تبدیلیاں پیدا ہوئی ہیں ہمیشہ اپنے اندر قائم رکھیں اور خیریت سے گھروں میں واپس لے جائے۔ ہمیشہ حافظ وناصر ہو۔ اس کے بعد حضور نے اس جلسہ کی حاضری 37511 بتائی۔

آخر پر حضور انور نے اختتامی دعا کرائی اور یہ جلسہ اختتام پذیر ہوا۔

ربوہ میں ہر گھر میں تین پھلدار پودے لگائیں

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع فرماتے ہیں۔

ربوہ میں ایک مہم چلائیں کہ ہر گھر میں خواہ وہ چھوٹا ہی ہو پھل والے کم از کم تین پودے ضرور لگیں۔ امرود کینو اور ایک کوئی اور پھل والا پودا۔ اس سے وہ غریب طبقہ جو خرید کر پھل کھانے کی طاقت نہیں رکھتا وہ اپنے گھر میں تیار شدہ پودوں سے پھل حاصل کر کے کسی حد تک اس کمی کو پورا کر سکے گا۔

(الفضل 19 مارچ 1996ء)

ماہر امراض معدہ وجگر کی آمد

مکرم ڈاکٹر محمد محمود شیخ صاحب ماہر امراض معدہ وجگر مورخہ 31/اگست 2008ء کو بوقت 10:00 بجے صبح ایڈمنسٹریشن بلاک میں مریضوں کے معائنہ کیلئے تشریف لا رہے ہیں۔ احباب وخواتین سے گزارش ہے کہ ڈاکٹر صاحب کی خدمات سے استفادہ کیلئے تشریف لائیں اور پرچی روم سے اپنی پرچی بنوا لیں (پرچیوں کی تعداد محدود ہے) مزید معلومات کیلئے استقبالیہ ہسپتال سے رجوع فرمائیں۔

(ایڈمنسٹریٹر فضل عمر ہسپتال ربوہ)

علمی سیمینار

مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان کے زیر اہتمام ادارہ نور العین کے سیمینار ہال میں مورخہ 31/اگست 2008ء کو بعد نماز عصر شام 6:25 بجے نیوکلیائی دور میں صحت کا بحران کے موضوع پر ایک سیمینار منعقد کیا جا رہا ہے۔ مکرمہ مریم صدیقہ صاحبہ اس موضوع پر لیکچر دیں گی اور حاضرین کے سوالات کے جوابات دیں گی۔ ہال میں نشستیں محدود ہیں لہٰذا خواہشمند خواتین و حضرات نور العین ریسیپشن سے اپنا دعوت نامہ حاصل کر لیں۔

(مہتمم خدمت خلق مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ۔ حالات اور خدمات نمبر 5

(عہد خلافت کے اہم واقعات ۔ سوال و جواب کی شکل میں)

سوال: حضور نے مغربی افریقہ کے لئے پہلا سفر کب کیا۔
جواب: جنوری، فروری 1988ء۔
سوال: حضور مغربی افریقہ کے پہلے دورے میں کن ممالک میں تشریف لے گئے۔
جواب: گیمبیا، سیرالیون، لائبیریا، آئیوری کوسٹ، غانا اور نائیجیریا میں۔
سوال: تمام جماعت احمدیہ کی نمائندگی میں حضور کی طرف سے مباہلہ کا عالمگیر چیلنج کب دیا گیا۔
جواب: 10 جون 1988ء کو۔
سوال: 1984ء کے اینٹی قادیانی آرڈیننس کے جاری کنندہ کی ہلاکت کب اور کیسے ہوئی۔
جواب: 17 اگست 1988ء کو ہوائی جہاز کے تباہ ہونے سے۔
سوال: حضور نے پہلا دورہ مشرقی افریقہ کب کیا۔
جواب: 27 اگست تا 28 ستمبر 1988ء۔
سوال: حضور نے اپنے پہلے دورہ مشرقی افریقہ میں کن ممالک کا دورہ کیا۔
جواب: آپ نے کینیا، یوگنڈا، تنزانیہ اور ماریشس کا دورہ فرمایا۔
سوال: احمدیت کی دوسری صدی کے آغاز پر حضور کو کونسا الہام ہوا۔
جواب: السلام علیکم ورحمۃ اللہ۔
سوال: احمدیہ صد سالہ جوبلی (جشن تشکر) کب منائی گئی۔
جواب: جماعت احمدیہ کے قیام کو سو سال پورے ہونے پر 1989ء کا سال جشن تشکر کے طور پر منایا گیا۔
سوال: حضور کے ارشاد پر خلافت لائبریری میں بچوں کے لئے ایک سیکشن کا اضافہ کب کیا گیا۔
جواب: 16 مارچ 1989ء کو۔
سوال: صد سالہ جوبلی کے موقع پر پہلی مرتبہ کن ممالک نے احمدیت کے یادگاری ٹکٹ جاری کئے۔
جواب: سیرالیون اور گی آنا نے۔
سوال: احمدیت کی دوسری صدی کا پہلا خطبہ جمعہ بذریعہ ٹیلیفون کن ممالک میں اور کب سنا گیا۔
جواب: 24 مارچ 1989ء کو ماریشس اور جرمنی میں۔
سوال: حضور نے جرمنی میں سو بیوت الذکر کی تحریک کب فرمائی۔
جواب: مئی 1989ء میں۔
سوال: حضرت ملک سیف الرحمٰن صاحب مفتی سلسلہ کی وفات کب ہوئی۔
جواب: 25 اکتوبر 1989ء کو۔
سوال: حضور نے تمام ممالک میں ذیلی تنظیموں کا الگ الگ صدارتی نظام قائم کرنے کا اعلان کب فرمایا۔
جواب: 3 نومبر 1989ء کو۔
سوال: حضور نے کب اور کتنے بنیادی اخلاق اپنانے کی تحریک فرمائی۔
جواب: 24 نومبر 1989ء کو پانچ بنیادی اخلاق کی تحریک فرمائی۔
سوال: پانچ بنیادی اخلاق کون سے ہیں۔
جواب: سچائی، نرم زبان، وسعت حوصلہ، ہمدردی خلق، مضبوط عزم وہمت۔
سوال: یکم دسمبر 1989ء کو واقفین نو کو کن تین زبانوں کے سیکھنے کی تحریک فرمائی۔
جواب: اُردو، عربی اور مقامی زبان۔
سوال: قادیان میں مدرسۃ المعلمین کا اجراء کب ہوا۔
جواب: 1990ء میں۔
سوال: حضور نے افریقہ کے فاقہ زدہ ممالک کے لئے امدادی تحریک کب جاری فرمائی۔
جواب: 18 جنوری 1991ء کو۔
سوال: حضور نے کفالت یتامیٰ کی تحریک کب فرمائی۔
جواب: جنوری 1991ء میں۔
سوال: حضور نے روس میں دعوت الی اللہ کے لئے واقفین عارضی کی تحریک کب جاری فرمائی۔
جواب: 18 اکتوبر 1991ء کو۔

کوئی صبحِ فصلِ بہار ہو

تیری یاد سے رہیں بے خبر میرے ایسے صبح و مسا نہیں
میری آنکھ سے رہے دُور تُو میری رُوح سے تو جدا نہیں

میرا مُدعا تیرا قرب ہے میرے آنسوؤں کا علاج ہے
زخم اس کے جز جو بھرے مرے کوئی شہر میں تو دوا نہیں

میرے رات دن کے یہ سلسلے تیری ذات سے تھے جڑے ہوئے
تیرے در سے جب سے جدا ہوئے ہمیں رات دن کا پتہ نہیں

کوئی صبحِ فصلِ بہار ہو کوئی عطر بیز ہی آئے یاں
میرے صحنِ دل میں بھی کِھل اٹھے وہ جو پھول پہلے کِھلا نہیں

تیری فرقتوں کے یہ مرحلے میرے دل پہ ہیں کوئی نیشتر
تیرا ہجر ہی مرا درد ہے کوئی درد اس سے سوا نہیں

طارق محمود سدھو

تقریب تقسیم اسناد

پروفیشنل ورکشاپس AACP ربوہ

خدا تعالیٰ کے فضل کے ساتھ ایسوسی ایشن آف احمدی کمپیوٹر پروفیشنلز ربوہ کی جانب سے مورخہ 6 جولائی تا 10 اگست 2008ء کو نصرت جہاں انٹر کالج کی کمپیوٹر لیب میں ویب ڈیزائننگ اور ویب ڈویلپمنٹ پر کامیاب ورکشاپس کا انعقاد کیا گیا۔

کمپیوٹرز اور سیٹس کی تعداد محدود ہونے کی وجہ سے صرف چنیدہ احباب وخواتین کو ہی ان ورکشاپس میں شامل کیا گیا۔ تاہم ممبرز اور دیگر احباب کی طرف سے ان ورکشاپ میں شامل ہونے کا اصرار جاری رہا۔ ورکشاپس شروع ہونے سے قبل درخواست دہندہ احباب و خواتین سے انٹرویو کیا گیا اور اس طرح وہ احباب وخواتین جنہیں کمپیوٹر گرافکس اور پروگرامنگ کے بارہ میں ابتدائی معلومات تھیں، کو ان ورکشاپس میں شامل ہونے کی اجازت دی گئی۔

ویب ڈویلپمنٹ میں 17 مرد اور 7 خواتین کو رجسٹر کیا گیا جبکہ ویب ڈیزائننگ میں 18 مرد اور 11 خواتین کو رجسٹر کیا گیا۔ اس طرح کل 50 احباب وخواتین ان ورکشاپس سے مستفید ہوئے۔ ویب ڈویلپمنٹ کی کلاس روزانہ 3 بجے سے شام 5 بجے تک ہوتی رہی۔ اس کلاس میں طلبہ کو HTML, CSS,Java Script, Ajax, PHP Mysql اور Dream Weaver سکھایا گیا اور ویب سائٹ ڈویلپمنٹ ٹیکنیکس اور رولز (Rules) وغیرہ کے بارہ میں بتایا گیا۔ اس کے علاوہ طلبہ کو ڈیلی اسائنمنٹس دی گئیں اور پریکٹس کا ٹائم بھی دیا جاتا رہا۔

اسی طرح ویب ڈیزائننگ کی کلاس روزانہ 6 بجے سے شام 8 بجے تک ہوتی رہی۔ اس کلاس میں طلبہ کو Adobe Photo Shop, Corel Draw, Flash اور Dream Weaver

(باقی صفحہ 11 پر)

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

12

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ کا دورہ کینیڈا

بیت النور کیلگری کا خطبہ جمعہ سے افتتاح، واقفین و واقفات نو کی کلاسز اور ملاقاتیں

رپورٹ: مکرم عبدالماجد طاہر صاحب ایڈیشنل وکیل التبشیر لندن

4 جولائی 2008ء

صبح ساڑھے چار بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے بیت النور میں تشریف لا کر نماز فجر پڑھائی۔ نماز کی ادائیگی کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

آج جمعۃ المبارک کا دن تھا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ کے ساتھ بیت النور کیلگری کا افتتاح ہو رہا تھا۔ نماز جمعہ میں کیلگری جماعت کے علاوہ کینیڈا کی دوسری جماعتوں وینکوور، ایڈمنٹن، مانٹریال، سیسکاٹون، ٹورانٹو، ہملٹن، بریمپٹن اور بعض دیگر جماعتوں سے احباب جماعت بڑے لمبے سفر طے کر کے شامل ہوئے۔ اسی طرح امریکہ کی مختلف جماعتوں سے فیملیز ہزاروں میل کا سفر طے کر کے کیلگری پہنچیں اور نماز جمعہ میں شامل ہوئیں۔

دو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت النور تشریف لائے اور خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا۔ (اس خطبہ کا متن الفضل 26 / اگست 2008ء میں شائع ہو چکا ہے)

حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ MTA پر Live نشر ہوا۔ تین بجے حضور انور نے نماز جمعہ و عصر جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

چھ بجکر بیس منٹ پر حضور انور اپنے دفتر تشریف لائے اور ڈاک ملاحظہ فرمائی۔ امیر صاحب کینیڈا نے حضور انور سے ملاقات کی اور مختلف امور اور پروگراموں کے بارہ میں ہدایات حاصل کیں۔

واقفین نو کی کلاس

پروگرام کے مطابق چھ بجکر چالیس منٹ پر واقفین نو بچوں کی کلاس بیت النور میں شروع ہوئی۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز جب کلاس میں تشریف لائے تو بچوں کا ایک گروپ کورس کی صورت میں اھلاً و سھلاً و مرحبا پڑھ رہا تھا۔ اس کلاس میں وینکوور، کیلگری، ایڈمنٹن، ریجائنہ اور سیسکاٹون کی جماعتوں سے آئے 117 واقفین نو بچے شامل تھے۔

پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا جو عزیزم لبیب احمد جنود نے پیش کی اور اس کا انگریزی ترجمہ عزیزم واسق محمود نے اور اردو ترجمہ عزیزم فیضان احمد نے پیش کیا۔ بعدازاں حضرت اقدس مسیح موعودؑ کا منظوم کلام

وہ پیشوا ہمارا جس سے ہے نور سارا
نام اس کا ہے محمد دلبر میرا یہی ہے

خوش الحانی کے ساتھ عزیزم ساغر محمود باجوہ نے پڑھ کر سنایا۔

حضور انور نے عزیزم ساغر محمود کو مخاطب ہوتے ہوئے فرمایا کہ تم نے بہت اچھی نظم پڑھی ہے اردو زبان کہاں سے سیکھی ہے۔ پاکستان سے سیکھی ہوئی ہے، ماشاءاللہ۔ حضور انور نے اظہار خوشنودی فرمایا۔

نظم کا انگریزی ترجمہ طاہر احمد چوہدری نے پیش کیا۔

بعدازاں حضور انور نے فرمایا کہ جو بچے 15 سال سے اوپر ہیں وہ ہاتھ کھڑا کریں۔ اس پر بچوں نے ہاتھ کھڑے کئے۔ حضور انور نے دریافت فرمایا۔ آپ سب نے وقف کا فارم پُر کر دیا ہے۔ حضور انور نے فرمایا جو اپنا وقف جاری رکھنا چاہتے ہیں وہ وقف کا فارم پُر کریں۔

حضور انور نے ازراہ شفقت ایک نائیجیرین بچے کو اپنے قریب بلایا اور اس سے پوچھا کہ تم اپنا وقف جاری رکھنا چاہتے ہو۔ جس پر بچے نے بتایا کہ میں اپنا وقف جاری رکھنا چاہتا ہوں۔

حضور انور نے سیکرٹری صاحب وقف نو کو توجہ دلائی کہ جن بچوں کی عمر 15 سال ہے اور وہ اپنا وقف جاری رکھنا چاہتے ہیں ان سے وقف فارم پُر کروائیں۔

حضور انور نے بچوں سے دریافت فرمایا کہ اس سال جامعہ میں کون جا رہا ہے۔ جامعہ جانے والے بچوں نے اپنے ہاتھ کھڑے کئے۔ حضور انور نے فرمایا ڈاکٹر کون بن رہا ہے؟ فرمایا میڈیسن میں جائیں اس کی بہت ضرورت ہے۔ کمپیوٹر اور میڈیا پروڈکشن کے علاوہ میڈیسن میں بھی جائیں۔ جماعت کو ڈاکٹرز کی ضرورت ہے۔

ایک ڈاکٹر حبیب الرحمٰن صاحب ایک طرف زائرین میں بیٹھے ہوئے تھے۔ حضور انور نے ان کو مخاطب ہو کر فرمایا کہ آپ وقف عارضی کریں اور قادیان جائیں۔

بعدازاں حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے ازراہ شفقت تمام واقفین نو بچوں کو تحائف عطا فرمائے۔ بچے باری باری حضور انور کے پاس آتے اور اپنا تحفہ حاصل کرتے۔ 15 سال سے زائد عمر کے بچوں سے حضور انور ساتھ ساتھ دریافت فرماتے کہ کس کلاس میں ہیں اور کیا پڑھ رہے ہیں اور آئندہ کیا پروگرام ہے۔

واقفین نو بچوں کی یہ کلاس سات بجے اختتام کو پہنچی۔

واقفات نو کی کلاس

اس کے بعد سات بجکر پانچ منٹ پر واقفات نو بچیوں کی کلاس حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے ساتھ شروع ہوئی۔ پروگرام کا آغاز تلاوت قرآن کریم سے ہوا۔

بعدازاں اس کا انگریزی ترجمہ عزیزہ تنزیلہ خواجہ اور اردو ترجمہ عزیزہ نائلہ قمر نے پیش کیا۔ صوفیہ جنود نے حضرت اقدس مسیح موعودؑ کا منظوم کلام

حمد و ثنا اسی کو جو ذات جاودانی
ہمسر نہیں ہے اس کا کوئی نہ کوئی ثانی

خوش الحانی سے پڑھ کر سنایا۔ نظم کا انگریزی ترجمہ عزیزہ رابعہ خان نے پیش کیا۔

بعدازاں حضور انور نے دریافت فرمایا کہ 15 سال سے اوپر کی جو بچیاں ہیں کیا انہوں نے وقف کے فارم پُر کر دیئے ہیں کہ آئندہ اپنا وقف جاری رکھیں گی۔

حضور انور نے فرمایا آپ جو بچیاں واقفات نو ہیں۔ آپ کا دوسری بچیوں سے تھوڑا سا فرق ہونا چاہئے۔ آپ کے ڈریسز میں فیشن نہیں ہونا چاہئے۔ دینی علم سیکھیں، قرآن کریم پڑھیں اور اس کا ترجمہ سیکھیں، احمدیت کا لٹریچر پڑھا ہونا چاہئے۔ آپ کا جو بھی پروفیشن ہو اس کے ساتھ دینی تعلیم ضروری ہو یہ نہیں کہ جوڑا کونسا خوبصورت ہے۔ بال کس طرح کے ہوں، پھر ڈریسنگ کس طرح کروانی ہے۔ ان باتوں کی طرف توجہ نہ ہو۔ آپ باہر نکلیں تو باقاعدہ حجاب ہو۔ کوٹ پہننا شروع کر دینا چاہئے۔ سر پر دوپٹہ ہو، حجاب ہو۔ یہ نہیں سوچنا کہ فلاں نے جین پہنی ہے اس لئے ہم بھی جین پہنیں گی۔ تم وقف نو ہو۔ تم نے دوسروں کے لئے نمونہ بننا ہے۔ اگر تم لوگ بھی دوسروں کی طرح ماحول میں بہتے ہوئے چلے گئے تو پھر سب ایک جیسے ہو جائیں گے اور آئندہ تربیت کرنے والے کوئی نہیں رہے گا۔ پس تم نے نہ صرف اپنی تربیت کرنی ہے بلکہ چھوٹے بچوں کی بھی تربیت کرنی ہے اور بعد میں آنے والوں کی بھی تربیت کرنی ہے۔ حضور انور نے فرمایا ان باتوں کی سمجھ آ گئی ہے۔

بعدازاں حضور انور نے فرمایا کوئی سوال پوچھنا ہے تو پوچھ لیں۔

ایک واقفہ نو کے سوال کے جواب میں حضور انور نے فرمایا۔ میں یہاں کیلگری میں ٹورانٹو سے آ رہا ہوں اس سے پہلے امریکہ، واشنگٹن میں تھا۔ وہاں ان کا جلسہ تھا۔ اس سے پہلے افریقہ کے تین ممالک غانا، بینن اور نائیجیریا کا سفر کیا ہے۔

حضور انور نے فرمایا لڑکیوں میں سے زیادہ میڈیسن میں جائیں تو اس کی ضرورت ہے اور ٹیچرز کی بھی ضرورت ہے۔

حضور انور نے فرمایا جو پندرہ سال کی اوپر کی بچیاں ہیں کتنی ہیں جو مجھے خط لکھتی ہیں۔ مجھ سے خط لکھ کر پوچھیں کہ ہمیں اس بات کا شوق ہے۔ ان مضامین میں دلچسپی ہے۔ ہمیں بتائیں کہ ہم نے کیا بننا ہے۔ خط لکھ کر رابطہ رکھیں۔ کلاس کے آخر پر حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے تمام بچیوں کو تحائف عطا فرمائے۔ ساڑھے سات بجے یہ کلاس اپنے اختتام کو پہنچی۔

ملاقاتیں

اس کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنے دفتر تشریف لے آئے جہاں کیلگری اور ٹورانٹو کی پندرہ فیملیز کے ستر افراد نے حضور انور ایدہ اللہ سے ملاقات کی سعادت حاصل کی۔

جماعت کیلگری نے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ کے اعزاز میں ایک تقریب عشائیہ کا اہتمام کیا تھا۔ یہ تقریب بیت کی پارکنگ لاٹ میں نصب کی گئی دو وسیع و عریض مارکیوں میں منعقد ہوئی۔ ساڑھے آٹھ بجے حضور انور ایدہ اللہ اس تقریب میں شرکت کے لئے تشریف لے گئے۔ اس پروگرام میں جماعت کیلگری اور مغربی کینیڈا کی دیگر جماعتوں کے احباب مرد و خواتین نے شرکت کی اور اپنے پیارے آقا کی معیت میں کھانا کھایا۔ اس تقریب عشائیہ کے آخر پر خدام کے ایک گروپ نے کورس کی صورت میں نظم پیش کی۔ آخر پر حضور انور نے دعا کروائی۔ دعا کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کچھ دیر کے لئے لجنہ کی مارکی میں تشریف لے گئے جہاں بچیوں نے گروپس کی صورت میں نظمیں پیش کیں۔ یہاں کچھ دیر قیام کے بعد حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

ساڑھے نو بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز بیت النور تشریف لائے اور تقریب آمین کا انعقاد ہوا۔ حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے 22 بچوں اور 25 بچیوں سے باری باری قرآن کریم کا کچھ حصہ سنا اور آخر پر دعا کروائی۔

تقریب آمین کے بعد ساڑھے دس بجے حضور انور ایدہ اللہ تعالیٰ نے مغرب و عشاء کی نمازیں جمع کر کے پڑھائیں۔ نمازوں کی ادائیگی کے بعد حضور انور اپنی رہائش گاہ پر تشریف لے گئے۔

☆......☆......☆......☆

واقفین عارضی کی مساعی اور تاثرات

مرسلہ: قائد تعلیم القرآن وقف عارضی مجلس انصاراللہ پاکستان

☆ مکرم مولوی محمد ابراہیم صاحب بھامبڑی تحریر فرماتے ہیں:۔

"میرے پیارے آقا! خاکسار وقف عارضی رپورٹ پیش خدمت کرنے سے قبل اللہ تعالیٰ کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتا ہے کہ اس نے محض اپنے فضل سے مجھ جیسے نالائق کو اس سال بھی وقف عارضی میں حصہ لینے کی توفیق بخشی۔

سیدی! حضور نے یہ مبارک تحریک جاری فرما کر جماعت پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے مجھے اس عرصہ میں کثرت سے قرآن مجید اور حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے کا موقع ملا ہے اور بہت سے نئے دوستوں سے تعارف ہو کر معلومات میں اضافہ ہوا ہے اور آنحضرت ﷺ کے ارشاد کے مطابق وعظ و نصیحت کرنے کا موقع میسر آیا۔ اس تحریک میں حصہ لینے سے ان مربیان کی مشکلات اور قربانی کا احساس اور اندازہ ہوتا ہے جو اپنا گھر بار چھوڑ کر اور بال بچوں سے جدا ہو کر کئی کئی سال بیرون ملک فریضہ دعوت الی اللہ ادا کرتے ہیں واقعی یہ اپنے اوپر موت وارد کرتا ہے اور اللہ تعالیٰ کے امام کی مقرر کردہ جماعت کے علاوہ اور کوئی جماعت ایسی قربانیاں پیش نہیں کرسکتی۔

میرا ذاتی تجربہ ہے کہ وقف عارضی میں حصہ لینے والے دوستوں کو کثرت سے دعا کرنے کا موقعہ ملتا ہے اور ان کے دل میں نیکی کی روح فروغ پاتی ہے اور ذہنی افکار میں ایک جلا اور تیزی پیدا ہوتی ہے میں سمجھتا ہوں کہ وقف عارضی کے یہ دو ہفتے خدا کے فضل سے میرے سال رواں بہترین دن ہیں۔

☆ مکرم رفیق احمد صاحب ترسکہ تحریر کرتے ہیں:۔

"عاجز موضع پریم کوٹ آ کر کھانا خود تیار کرتا ہے۔ جب توے پر روٹی پک رہی ہوتی ہے تو اس کے پکنے کی کیفیت دیکھ کر سبحان اللہ والحمدللہ پڑھنے کا لطف آتا ہے اور جب آگ بجھ جاتی ہے تو آنکھوں سے پانی بہتا ہوا دیکھ کر وہ ہستیاں یاد آتی ہیں جو ہمارے لئے روزانہ کھانا پکاتے وقت اس سے دوچار ہوتی ہیں اور اس طرح ان کے لئے رحم کا جذبہ ابھرتا ہے۔

پھر جب کبھی آگ تیز ہوتی ہے اور روٹی کو سینکتے ہوئے باز و جلتا ہے۔ تو اناللہ یاد پڑتا ہے۔ آسان پروگرام کے مطابق دو روز کے لئے آلو ابال لئے جاتے ہیں اور ان پر گھر سے لائی ہوئی پسی نمک مرچ چھڑک کر سالن تیار کیا جاتا ہے۔

حضور انور کا یہ احسان اور اللہ تعالیٰ کا یہ احسان کیسا حسین ہے۔ کہ خود تیار کیا ہوا کھانا گھر والے کھانوں سے اگرچہ ادنیٰ ہوتا ہے۔ مگر لذت میں اس سے اعلیٰ۔

☆ مکرم محمد صادق صفدر صاحب بھٹی لکھتے ہیں:۔

"حضور! خاکسار کے چند روزہ دورہ سے خاکسار میں ایک نمایاں تبدیلی واقع ہوئی ہے۔ جن میں سے نمازوں کو پوری باقاعدگی سے ادا کرنا اللہ تعالیٰ کی نیک باتوں کا چرچا کرنا ہے خاکسار پہلے نمازوں میں قدرے سست تھا اور غفلت برتا کرتا تھا۔ اس چند روزہ وقف سے اور اس مبارک عرصہ میں خاکسار میں ایک نمایاں تبدیلی ہوئی ہے جو کہ سراسر اس وقف عارضی کا نتیجہ ہے"

☆ مکرم ایم اے آرتھر صاحب آزاد کشمیر سے لکھتے ہیں:۔

"میں یہ تحریر کئے بغیر نہیں رہ سکتا کہ اس بابرکت تحریک کی بدولت جس قدر اصلاح نفس اور دیگر کمزوریوں کو دور کرنے کا موقع مجھے ان ایام نے فراہم کیا ہے اس زندگی میں مجھے اس سے پہلے کبھی میسر نہ آیا تھا۔

☆ مکرم غلام محمد صاحب تلونڈی کھجور والی لکھتے ہیں:۔

"مجھے ذاتی طور پر اس الٰہی مبارک تحریک سے جو برکتیں حاصل ہوئی ہیں ان کا اظہار کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ کیونکہ یہ محض بارگاہ ایزدی کے فضل سے حاصل ہوئیں۔ نماز پنجوقتہ باجماعت ادا کرتا رہا۔ تہجد کی نماز میں سرور اور رقت آمیز حالت جو مجھ پر طاری ہوتی رہی بیان سے باہر ہے اور میں یقین سے کہہ سکتا ہوں کہ یہ محض اور محض اس مبارک روحانی تحریک میں بفضل ایزدی حصہ لینے کی توفیق ملنے کے نتیجہ میں ہی موقعہ ملا ہے۔"

☆ مکرم مولوی عبدالکریم صاحب پشاور تحریر فرماتے ہیں:۔

"وقف عارضی کے وفود کی رپورٹ جب ہم الفضل میں پڑھتے تھے تو دل میں خواہش پیدا ہوتی تھی کہ خدا تعالیٰ ہمیں توفیق عطا فرمائے تا کہ ہم بھی ان برکات سے لذت اندوز ہوسکیں۔ جن سے کہ دوست ہوئے ہیں۔ واقعی ایام وقف میں جو انسان کے دل میں انابت الی اللہ پیدا ہوتی ہے اور دعاؤں کی توفیق ملتی ہے اور نمازوں میں سرور ملتا ہے۔ وہ گھریلو زندگی میں کہاں نصیب ہوتا ہے۔ پنجوقتہ نماز باجماعت کے علاوہ نماز تہجد سے تو بہت ہی دلوں میں الٰہی اور خشیت اللہ تعالیٰ کی معرفت نصیب ہوتی ہے اور حقیقت یہ ہے کہ وقف عارضی کی تحریک فرما کر حضور نے جماعت پر ایک بڑا احسان فرمایا ہے۔" (الفضل 8 مارچ 1968ء)

☆ مکرم ملک حبیب الرحمٰن صاحب ربوہ لکھتے ہیں:۔

حضور اقدس کی یہ تحریک بہت ہی بابرکت ہے جب میں دیہاتی بچوں اور بچیوں کے درمیان بیت کی صفوں پر بیٹھ کر انہیں دو دو گھنٹے لگا تار قرآن کریم ناظرہ اور باترجمہ پڑھا رہا ہوتا تھا اور ایک بچہ ادھر سے ایک بچی ادھر سے باری باری پوچھتے تھے۔ مولوی صاحب یہ لفظ کیا ہے۔ اس کا ترجمہ کیا ہے تو بڑا لطف آتا تھا اور اللہ کی حمد زبان پر جاری ہوتی تھی اور مجھے تصور میں وہ صوفی اور بزرگ نظر آتے تھے۔ جنہوں نے فیج اعوج کے زمانہ میں عوام الناس کو دین سکھائے۔

یہ دیہاتی ماحول میں پلنے اور پروان چڑھنے والے بچے جنہیں احمدیت نے قرآن کریم سے تعارف کرایا اور خصوصیت سے اس بابرکت تحریک کے بانی حضرت خلیفۃ المسیح الثالث نے ان پر اس قدر کرم کیا۔ کہ آخر عمر تک اگر یہ لوگ حضور کے لئے دعائیں کریں۔ تو اس احسان عظیم کو نہیں اتار سکتے پھر اس تحریک سے غیر از جماعت لوگ بھی فائدہ اٹھا رہے ہیں۔"

مکرم چوہدری رفیق احمد صاحب ترسکہ لکھتے ہیں:۔

"بعض مخالف خیال کرتے تھے کہ اب جماعت احمدیہ میں بھی باہمی اخوت و محبت کم ہوتی جارہی ہے۔ مگر نا گہاں حضور انور کی پاک سکیم وقف عارضی نے پیار و محبت کا وہ حسین چشمہ پھوٹا۔ جس کے نتیجہ میں آج بفضل اللہ تعالیٰ یہ عاجز عینی شاہد کی حیثیت میں گواہی دیتا ہے۔ کہ اس پاک سکیم نے باہمی اخوت و محبت میں قوت بھر دی ہے جو قرون اولیٰ کا مکمل ظل ہے۔ جس کی نظیر حقیقی رشتہ داروں میں تلاش کرنا لاحاصل ہے۔ یہ عاجز جب موضع پریم کوٹ سے واپس لوٹا تو محبت کی وجہ سے احباب کو ملتے ہوئے آنکھوں میں آنسو بھر آئے۔ مگر یہ دیکھ کر میں حیران رہ گیا کہ مجھ سے ملنے والے احباب کی آواز بھی جدائی کے غم سے بھرائی ہوئی تھی۔ حالانکہ خاکسار کی یہاں پر کوئی ظاہری رشتہ داری نہیں تھی۔"

مکرم آفتاب احمد صاحب اور مکرم میاں محمود احمد صاحب پشاور لکھتے ہیں:۔

"دن بھر خوب بارش ہوتی رہی جس کی وجہ سے دوپہر کو بھی جامع بیت الذکر نہ جاسکے۔ کیونکہ گاؤں میں تیز بارش کے بعد اس قدر کیچڑ ہو جاتا ہے کہ آمد و رفت بند ہو جاتی ہے شام کے وقت ایک خاص نشان اللہ تعالیٰ نے دکھایا بارش تیز ہو رہی تھی۔ مکرم خوشی محمد صاحب نے دعا کی تحریک کی جس کے بعد سب موجود دوستوں نے بڑے خشوع و خضوع کے ساتھ نماز مغرب و عشاء جمع کر کے پڑھی اور ہر سجدہ میں صرف بارش کے رکنے کی دعا مانگی۔ اور اللہ تعالیٰ نے کچھ گنہگاروں کی دعا اس قدر جلدی سنی کہ نماز عشاء ختم کرتے کرتے بارش جو بہت تیز ہو رہی تھی اور اس کے رکنے کا کوئی امکان نظر نہیں آتا تھا رک گئی اور تھوڑی سی دیر میں تارے نظر آنے لگے اور صبح تک نہ صرف بارش نہیں ہوئی بلکہ مطلع بالکل صاف ہو گیا۔ دوسرے دن ایک غیر از جماعت صاحب آکر کہنے لگے۔ کہ مولوی صاحب! کیا کوئی دعا مانگی تھی، مکرم خوشی محمد صاحب نے جواب دیا کہ دعا تو مانگی تھی۔ اللہ تعالیٰ نے خاص فضل فرمایا اور دعا سن لی، یہ واقعی اللہ تعالیٰ کی طرف سے قبولیت دعا کا خاص نشان تھا جسے دوسروں نے بھی محسوس کیا۔

مکرم چوہدری عبدالحق صاحب و مکرم محمد اقبال صاحب نے لکھا ہے کہ:۔

"ہم نے دوسروں کو کیا واقفیت کرانی ہے۔ ہمیں اپنے آپ کو احمدیوں سے ایسے ایسے سبق آموز واقعات سننے کا موقع ملتا ہے جو دل میں تبدیلی پیدا کرتے ہیں اور قرب الٰہی کا ذریعہ بنتے ہیں۔ جہاں بھی کوئی احمدی ملتا ہے اپنے سے بڑھ کر ہی ایمان اس کے اندر نظر آتا ہے ان سے مل کر اخلاص اور جذبہ کو دیکھ کر اللہ تعالیٰ کی حمد منہ سے بے اختیار نکلنی شروع ہو جاتی ہے۔

مکرم مولوی عبدالکریم صاحب و مکرم میاں عبدالرفیق صاحب تحریر فرماتے ہیں:۔

"حسب ہدایت حضور والا شان کھانا خود ہی پکا کر کھایا ہے باوجود بعض احباب اور رشتہ داروں کے اصرار کے ان کے ہاں سے نہ کھانا کھایا ہے اور نہ ہی چائے وغیرہ پی ہے۔

(الفضل 3 اپریل 1968ء)

مکرم میاں محمود احمد صاحب پشاور لکھتے ہیں:۔

"حضور کا خادم وقف عارضی کے سلسلہ میں گھٹیالیاں میں ٹھہرا ہوا ہے ان ایام میں اللہ تعالیٰ نے باقاعدہ تہجد کے نوافل ادا کرنے کی توفیق عطا فرمائی اور اس عرصہ میں اصلاح نفس کا خاص موقعہ ملا مجھے اپنے دیہاتی بھائیوں کے ساتھ مل کر رہنے اور ان کی مصروفیات اور طرز زندگی کو دیکھنے کا خاص موقع ملا اور ایسے دوستوں اور بھائیوں سے تعلقات قائم کرنے کا موقع ملا۔ جنہیں میں پہلے نہیں جانتا تھا۔ یہاں کی جماعت میں خاص اخلاص پایا ہے۔ میرے ساتھی آفتاب احمد صاحب جو وفد کے امیر ہیں نہایت ہی مخلص نوجوان ہیں اللہ تعالیٰ ان کے اخلاص اور تقویٰ کو بڑھائے اور اپنے فضلوں سے نوازے۔

مکرم چوہدری مقبول احمد صاحب آف شیخوپورہ لکھتے ہیں:۔

"وقف عارضی پر آنے سے پہلے میرا ایمان ضرور تھا کہ یہ ایک مبارک تحریک ہے جو ہمارے خدا کے خلیفہ نے چلائی ہے۔ اس میں ضرور برکات ہوں گی لیکن وقف پر آنے سے یقین کامل ہو گیا ہے کہ یہ واقعی خدائی تحریک ہے اور اس میں بہت بڑی برکت ہے جو احمدی اس سے محروم رہتا ہے وہ بدنصیب ہے اس میں ذاتی اور جماعتی مفاد بے شمار مضمر ہیں ایک تو اصلاح نفس ہوتی ہے۔ اپنی کمزوریاں سامنے آجاتی ہیں جن کو دور کرنے کا پورا موقع ملتا جاتا ہے۔ دعائیں بے شمار کرنے کی توفیق ہوتی ہے دوسرے پوری فراغت ہوتی ہے جس سے جماعت متعلقہ کی خدمت کرنے کا موقع میسر آجاتا ہے۔"

☆ مکرم عبدالغنی صاحب و مکرم میاں غلام

احمد صاحب گوئی آزاد کشمیر بھجوائے گئے تھے وہ اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

''سفر میں خداتعالیٰ نے دعوت الی اللہ کا موقع دیا۔لوگ خود پوچھتے تھے کہ اس پہاڑی علاقہ میں بستر اور دیگر سامان کہاں اور کیوں اٹھائے پھرتے ہو اس طرح ہمیں جماعت سے تعارف کا خود بخود موقع مل جاتا ہے۔

ہم گوئی میں تھے مکرم صدر صاحب جماعت احمدیہ گوئی (آزاد کشمیر) نے فرمایا کہ ہم خیال کرتے تھے کہ آپ لوگ شہر کے رہنے والے ہیں اس کٹھن پہاڑی رستہ کو ہرگز طے نہیں کر سکیں گے اور ہمیں امید نہ تھی کہ آپ لوگ گوئی پہنچ سکیں گے ہم نے تتہ پانی سے آٹھ میل کا سفر چھ گھنٹے میں پیدل طے کیا تھا اور تھک کر بے جان ہو چکے تھے ہم نے بے ساختہ کہا آپ صحیح فرماتے ہیں ہم ایسے سفر کے عادی نہیں ہیں لیکن اس میں ہماری جسمانی طاقت یا کسی برتری کا دخل نہیں ہے اس عارضی وقف کی بابرکت تحریک کے پیچھے جو قوت قدسی کارفرما ہے اس کی بدولت ہم آپ تک پہنچے ہیں ہم چڑھائی چڑھتے وقت تھک کر بیٹھ جاتے تھے۔لیکن ہمارا فرض اور ہماری منزل ہمیں آگے کو کھینچ رہے تھے۔ہم نے انہیں بتایا ہے کہ اگر ہمارا کسی دنیوی اور نجی کام کی غرض سے ادھر آنا ہوتا تو ہم ہرگز آپ تک نہ پہنچتے حضور نے اس بابرکت تحریک کا اجراء فرما کر جماعت پر بڑا احسان کیا ہے۔ ورنہ ہم دنیا کے دھندوں کو چھوڑ کر کب آپ کی خدمت میں حاضر ہوتے۔ وقف کے دوران میں ہم اپنے کاروبار اور گھروں کو بالکل بھول گئے تھے ایک عجیب کیفیت کا احساس ہو رہا تھا پیشتر ازیں بہت کم دعاؤں میں اس قدر لطف آیا جو ان ایام میں آیا قدرت کے عجیب عجیب نظارے مشاہدہ میں آئے۔

مکرم بابو قاسم دین صاحب آف سیالکوٹ تحریر فرماتے ہیں:۔

''تحریک عارضی وقف تزکیہ نفس کا ایک بہترین ذریعہ ہے ہر ایک اپنے اپنے رنگ میں اس سے مستفید ہوتا ہے اور ہو رہا ہے۔جماعت کے افراد کے درمیان باہمی رنجشوں اور شکر رنجیوں کو دور کرنے کا بہت عمدہ نسخہ ہے۔واقفین کو ذکر الٰہی کرنے اور دعا کرنے کا بہت موقعہ میسر آتا ہے۔اس وقت واقف گھریلو تفکرات سے آزاد ہوتا ہے۔''

مکرم جناب حمید اللہ صاحب خادم میانوالی لکھتے ہیں:۔

''جس قدر دوران وقف عارضی دل کو سرور اور مٹھاس محسوس ہو رہی ہے اس کو کون بیان کر سکتا ہے۔ لوگ ایک دن یا تین دن عید منانے کی تیاری کریں گے مگر ہماری عید تو پندرہ دن کی بن رہی ہے یہ محض حضور کی روحانی توجہ کی ہی تاثیر ہے۔ورنہ میں گنہگار اور یہ نظارہ۔

☆**مکرم شریف احمد صاحب بھٹی** بہاولپور لکھتے ہیں:۔

''حضور آپ کے ارشاد کے مطابق دوران وقف دونوں وقت کا کھانا اپنے ہاتھوں سے تیار کرتے رہے اور ایسی لذت محسوس کی کہ شاید اپنے گھر میں بھی ایسی محسوس نہ کی ہوگی''

☆**مکرم رانا فیض بخش صاحب نون** پنشنر لکھتے ہیں:۔

''وقف عارضی کا فریضہ ادا کر کے گھر پہنچ گیا ہوں نہایت مبارک تحریک ہے۔انسان کے اپنے نفس کی اصلاح ہوتی ہے ساتھ ہی دوسرے لوگوں کی اصلاح کا مؤثر ذریعہ ہے اب مجھے ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جیسے میں دو ہفتے نماز میں رہا ہوں''۔

☆**مکرم چوہدری عبدالمجید صاحب** میانوالی اپنی رپورٹ میں لکھتے ہیں:۔

''یہ تحریک یقیناً خداتعالیٰ کا انعام ہے ورنہ میرے جیسا کم فہم اور ناکارہ محض اور نالائقی کا مجسمہ اور یہ کام۔ یہ خداتعالیٰ کا فضل ہی ہے کہ جس کو میں پہاڑ جانتا تھا اتنا آسان ہوتا جاتا ہے اب دل یہ چاہتا ہے کہ پھر کئی جگہ کے لئے بھی نام پیش کروں۔''

(الفضل 2 مئی 1968ء)

☆**مکرم اللہ بخش صاحب غازی** لکھتے ہیں:۔

''میرے دلنواز آقا آپ کی اس تحریک کو میں الٰہی منصوبہ سمجھتا ہوں عاجز نے اس ایک ہفتہ میں عجیب وغریب روحانی انقلاب دیکھا ہے۔بظاہر معمولی کام معلوم ہوتا تھا لیکن سچ یوں ہے ع

یار پہلو میں چھپا تھا مجھے معلوم نہ تھا

آپ نے تو گویا روحانیت کی بیٹری ہمارے ہاتھوں میں دے دی۔قرب الی اللہ کی راہ کو بہت ہی مختصر کر دیا۔خدا کرے کہ اس آسمانی تحریک کا دائرہ عمل وسیع تر ہو۔

☆ مکرم مختار احمد صاحب ایڈووکیٹ سرگودھا لکھتے ہیں:۔

''حضور! یہ حقیقت ہے یہ انتہائی مفید اور بابرکت سکیم ہے وقف عارضی کی۔خاکسار کو تو خود بہت فائدہ ہوا ہے اور وہاں جماعت میں بھی خداتعالیٰ کے فضل سے بڑا اچھا اثر ہوا ہے۔زندگی کے قیمتی ترین دن یہی نظر آتے ہیں جو حضور کے حکم کے تحت خدا کے لئے وقف کئے اور خدا کے لئے گزارے انشاء اللہ جماعت میں اس سکیم کے نتائج نہایت اعلیٰ اور بابرکت ہوں گے۔''

☆ **مکرم رانا عطاء اللہ خاں صاحب پٹواری** لکھتے ہیں:۔

''اس مبارک تحریک نے اس قدر تبدیلی پیدا کر دی کہ نماز تہجد کے لئے خود بخود جاگ آ جاتی ہے۔ خاکسار جب نماز تہجد میں خداتعالیٰ کے حضور سجدہ ریز ہوتا ہے تو ہزار ہزار شکر ادا کرتا ہے اور اس مبارک تحریک کے بانی کے لئے دل سے دعائیں نکلتی ہیں۔''

☆ **مکرم مقصود احمد خان صاحب** کنری تھرپارکر تحریر کرتے ہیں:۔

جس قدر تسکین قلب کے ساتھ ان پندرہ دنوں میں خاکسار کو اپنے نفس کی اصلاح کا موقع ملا اور اس کے ذرائع پر غور کرنے اور اپنے پیارے خدائے بزرگ و برتر کے حضور عبادت بجا لانے اور اپنے گناہوں کی معافی مانگنے کے مواقع میسر ہوئے یہ زندگی مصروفیت اور ذمہ داریوں کی وجہ سے عام حالات میں میسر آنے ممکن ہی نہیں ہو سکتے۔اس لئے خاکسار پورے وثوق کے ساتھ یہ کہہ سکتا ہے کہ حضور اقدس کی اس بابرکت تحریک میں حصہ لینے کی وجہ سے حضور نے ہماری اپنی اصلاح اور خداتعالیٰ کے قرب اور رضا کی راہوں کا ایک نہایت آسان اور بیش قیمت موقع عطا فرما کر ہم پر بہت بڑا احسان فرمایا ہے۔''

☆**مکرم رشید احمد صاحب بٹ** کنڈیارو روڈ سے لکھتے ہیں:۔

''اس میں کوئی شک نہیں کہ حضور کی یہ تحریک وقف عارضی آسمانی تحریک ہے جو کہ اللہ تعالیٰ کی مرضی سے ہی حضور نے شروع فرمائی ہے۔یہ نفس کی اصلاح کا ایک بہترین ذریعہ ہے۔کئی پوشیدہ گناہ ہیں جن کی اصلاح ہوتی ہے اور اپنے رب کے آگے راتوں کو اٹھ اٹھ کر گریہ وزاری کرنے میں جو سرور آتا ہے جو دنیا کی بڑی سے بڑی نعمت میں بھی نہیں ہے۔حضور دعا کریں یہ آگ جو وقف کے درمیان اللہ تعالیٰ کی جلی ہے وہ کبھی نہ بجھنے پائے بلکہ جب ہم واپس جائیں تو ہمارے اہل خاندان کو بھی یہ روشن کرے۔آمین۔''

☆**حکیم احمد دین صاحب** سید والہ ضلع شیخوپورہ تحریر کرتے ہیں:۔

''حضور پُر نور کی اس تحریک وقف عارضی پر عمل کرنے میں میں نے اپنے اندر ایک خاص قسم کی روحانی تبدیلی کا مشاہدہ کر لیا ہے۔ اے میرے پیارے آقا وقف عارضی پر عمل کرنے سے پہلے روحانی تبدیلی پیدا کرنے کی قدر و قیمت ہی نہیں تھی۔''

☆ **مکرم شیخ دوست محمد صاحب** آف کوٹ مومن لکھتے ہیں:۔

''پیارے آقا یہ وقف عارضی نہایت ہی مبارک تحریک ہے۔اس سے دنیا میں بھی فائدہ ہے اور دین کا بھی فائدہ ہے۔ دنیا کا فائدہ تو یہ ہے کہ عرصہ سے جماعت کو رشتہ ناطہ کی تکلیف ہو رہی تھی۔وہ بھی انشاء اللہ دور ہو جائے گی۔دوسرا فائدہ دین کا دو طرف سے ہو رہا ہے۔ایک تو جو واقف ہو اس کی تربیت ہو جاتی ہے اور دوسرا جس جماعت میں واقفین جاویں اس جماعت کی تربیت ہو جاتی ہے یہ تحریک خدائی تحریک ہے اس میں خداتعالیٰ کا ہاتھ ہے۔ اللہ تعالیٰ سب احمدی بھائیوں کو اس مبارک اور خدائی تحریک میں بڑھ چڑھ کر حصہ لینے کی توفیق عطا فرمائے۔''

(الفضل 13 جون 1967ء)

''میں مغرب کی نماز پڑھنے کے لئے ہر روز کوٹھی پر جاتا ہوں اور تقریباً ہر روز میں ہی نماز پڑھاتا ہوں وقف عارضی کا یہ بہت فائدہ ہوا ہے کہ نماز پڑھانے میں کوئی دقت محسوس نہیں ہوتی کیونکہ وہاں پر بھی نمازیں پڑھانی پڑتی تھیں۔''

(الفضل 28 مئی 1968ء)

☆☆☆

حضرت سکران بن عمروؓ

آپؓ نے مع اپنی زوجہ محترمہ سودہؓ بنت زمعہ کے حبشہ کی طرف ہجرت کی۔آپؓ وہیں اپنے خالق حقیقی سے جا ملے۔ بعد میں رسول کریمؐ نے حضرت سودہؓ کو اپنے عقد میں لے لیا۔

(بقیہ صفحہ 6)

2۔ماحول کی صفائی۔

3۔ہوا اور شور کی آلودگی کم ہو جائے گی۔

4۔اس پراجیکٹ سے ٹریفک آسانی سے بغیر مداخلت کے چل سکے گی۔

5۔اس پراجیکٹ سے معاشی ترقی، تجارتی عمل میں ترقی اور وقت کی بچت وغیرہ امور کی توقع ہے۔

6۔انٹرچینجز کے ذریعہ ان مقامات کے آس پاس آنے جانے میں سہولت ہوگی۔ نہ ٹریفک رکے گی اور نہ زیادہ سگنلز سے گزرنا پڑے گا۔ اندرون اور بیرون شہر گاڑیوں کے لئے سہولت ہوگی اور وقت بچے گا اور مالی منفعت ہوگی۔

7۔ کراچی کے بعد لاہور میں سب سے زیادہ انڈسٹری ہے۔تیز رفتار ٹرانسپورٹیشن سے انڈسٹری ترقی کرے گی۔

8۔ماحولیاتی اور جمالیاتی بالیدگی ہوگی۔

9۔رنگ روڈ کے درمیان میں بجلی کے کھمبے لگا کر اس کو روشن کیا جائے گا۔رات کے وقت ڈرائیونگ میں آسانی ہوگی اور ڈیزائن سپیڈ پر ٹریفک چل سکے گی۔

10۔ ہر سمت کے لئے موٹروے کی طرح تین تین لینز ہوں گی اس لئے حادثات کا امکان کم ہو جائے گا۔قریب مڑنے والی ٹریفک کو سروس روڈ سے آ کر انٹرچینج کے ذریعہ دوسری طرف آنا پڑے گا اس سے بھی حادثات کا امکان کم ہو جائے گا۔

11۔روڈ کنسٹرکشن انڈسٹری ترقی کرے گی اور بہت سارے لوگوں کو تعمیر کے دوران روزگار کے مواقع ملیں گے نیز ٹیکنیکل علم ترقی کرے گا۔

اس کے علاوہ بھی اس سڑک سے بہت سے فوائد متوقع ہیں جو وقتاً فوقتاً سامنے آتے رہیں گے۔ خدا کرے کہ کامیابی سے یہ منصوبہ تکمیل پذیر ہو۔آمین

علم طب میں پانچ دریافتیں

اندلس کے شہر اشبیلیہ کا مکین ابو مروان ابن زہر (1162ء) دنیا کا سب سے پہلا پیراسائٹالوجسٹ (Parasitologist) تھا۔ اس نے خارش کے کیڑوں (Scabies) کو بیان کیا۔ علاوہ ازیں طب میں اس کی پانچ دریافتیں قابل ذکر ہیں۔ رسولی (Tumors)، درمیانی کان کا التہاب (Inflamation of Middle Ear)، التہاب غلاف قلب (Pericarditis)، فالج حلقوم (Paralysis of Pharynx)، قصبۃ الریہ کی عمل جراحی (Tracheotomy)۔

مکرم انجینئر محمود مجیب اصغر صاحب

لاہور رنگ روڈ پراجیکٹ

لاہور کی ٹریفک کے مسائل کا ایک عمدہ حل

کسی بھی ملک یا شہر کی ترقی کا راز مواصلاتی نظام کی بہتر سہولتوں پر ہوتا ہے۔ بجلی، پانی، سڑکیں ترقی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔ ریلوے اس کے علاوہ ہے۔ اس مضمون میں لاہور رنگ روڈ Lahore Ring Road کے بارے میں کچھ عرض کرنا مقصود ہے۔

لاہور رنگ روڈ کا آغاز نیازی چوک انٹرچینج سے ہوتا ہے جو شاہدرہ راوی پُل کو پار کر کے آتا ہے جسے عرف عام میں بتی چوک کہتے ہیں۔ ایک طرف رنگ روڈ بند روڈ سے گزرتی ہوئی M2 موٹروے تک پہنچتی ہے۔ نیازی چوک سے سگیاں چوک تک رنگ روڈ جارہی ہے سگیاں چوک پر سگیاں انٹرچینج بنے گا۔ سگیاں چوک سے گلشن راوی انٹرچینج تک رنگ روڈ آگے M2 موٹروے کو مل رہی ہے۔ جہاں بابو صابو پر ایک انٹرچینج بننا ہے۔

دوسری طرف نیازی انٹرچینج سے بادامی باغ، انجینئرنگ یونیورسٹی، شالامار، محمود بوٹی آبادیوں کے پیچھے سے سابقہ بند روڈ کو ہی رنگ روڈ بنایا جارہا ہے۔ داروغہ والا بند روڈ کو ملانے کے لئے جہاں ایک اوور ہیڈ بُرج بنے گا جو محمود بوٹی کے کونے پر آتا ہے۔ محمود بوٹی سے لکھوڈیر اور لکھوڈیر سے بیرونی آبادیوں کے ساتھ واڑاں گجراں کے قریب رنگ روڈ جی ٹی روڈ کو کراس کرے گی۔ جی ٹی روڈ پر یہاں بھی ایک انٹرچینج بنے گا۔ جہاں سے واہگہ اور دوسری طرف شالامار اور شمال میں ایئرپورٹ اور جنوبی سمت میں نیازی چوک اور M2 موٹروے کی طرف جاسکیں گے۔ اس سے آگے ہربنس پورہ کینال کراسنگ پر ایک انٹرچینج بنے گا۔ یہاں سے یعنی ہربنس پورہ کینال کراسنگ سے ایئرپورٹ کی طرف جانے والی سڑک انٹرسیکشن تک رنگ روڈ جائے گی۔ ایک انٹرچینج ایئرپورٹ جانے والی سڑک پر بنے گا۔ برکی روڈ انٹرسیکشن سے غازی روڈ انٹرسیکشن تک رنگ روڈ جائے گی اور پھر غازی روڈ پر ایک انٹرچینج بنے گا۔ یہاں سے رنگ روڈ بیدیاں روڈ انٹرسیکشن تک جائے گی اور بیدیاں روڈ پر پھر ایک انٹرچینج ہوگا اور پھر بیدیاں روڈ انٹرسیکشن سے خیرا ڈسٹری بیوٹری تک رنگ روڈ جائے گی۔ خیرا ڈسٹری بیوٹری پر بھی ایک انٹرچینج بنے گا جہاں سے رنگ روڈ فیروزپور روڈ کو جا ملے گی اس جنکشن پر بھی یعنی فیروزپور روڈ پر ایک انٹرچینج بنے گا۔ اس طرح رنگ روڈ کے پراجیکٹ کو 19 حصوں (یا زیادہ مناسب لفظ) پیکجز (Packages) میں تقسیم کیا گیا ہے۔ سہولت کے لئے ان پیکجز کی ترتیب یہ ہے۔

پیکج I: نیازی چوک پر انٹرچینج کی تعمیر
پیکج II: نیازی چوک سے سگیاں چوک تک
پیکج III: نیازی چوک سے محمود بوٹی
پیکج IV: سگیاں چوک پر انٹرچینج
پیکج V: سگیاں چوک سے گلشن راوی انٹرسیکشن
پیکج VI: برکی روڈ انٹرسیکشن سے غازی روڈ انٹرسیکشن
پیکج VII: انٹرچینج، ایئرپورٹ جانے والی سڑک
پیکج VIII: ہربنس پورہ کینال کراسنگ سے ایئرپورٹ جانے والی روڈ انٹرسیکشن
پیکج IX: ہربنس پورہ کینال کراسنگ انٹرچینج
پیکج X: جی ٹی روڈ انٹرچینج
پیکج XI: غازی روڈ انٹرچینج
پیکج XII: لکھوڈیر تا جی ٹی روڈ انٹرچینج (داڑا گجراں)
پیکج XIII: محمود بوٹی تا لکھوڈیر
پیکج XIV: غازی روڈ انٹرسیکشن تا بیدیاں روڈ انٹرسیکشن
پیکج XV: بیدیاں روڈ انٹرچینج
پیکج XVI: بیدیاں روڈ انٹرسیکشن سے خیرا ڈسٹری بیوٹری
پیکج XVII: خیرا ڈسٹری بیوٹری انٹرچینج
پیکج XVIII: خیرا ڈسٹری بیوٹری سے فیروزپور روڈ
پیکج XIX: فیروزپور روڈ انٹرچینج

یہاں سے فیروزپور روڈ پر کلمہ چوک سے آگے کیمپ جیل سے ڈرین کے ساتھ ہو کر گلشن راوی روڈ سے بابو صابو انٹرچینج تک ابھی منصوبہ بندی ہو رہی ہے۔

